خصوصی ہدایات برائے تشکیلِ پرچہ (Paper Development)

ہدایات برائے دائرہ کار نمبر1

الف: ترجمۂ قرآنِ مجید اسلامیات لازمی کے پرچے کا حصہ نہیں ہوگا بلکہ اس کا الگ سے امتحان لیا جائے گا جس کی تفصیل " اسیسمنٹ فریم ورک برائے ترجمہ قرآنِ مجید " میں الگ سے دی گئی ہے۔

ب: تعارفِ قرآنِ مجید اور حفاظت وتدوینِ حدیث: اس میں سے صرف معروضی (MCQs) اور مختصر جواب والے سوالات (SRQs) دیے جائیں گے۔

ج: احادیثِ مبارکہ اور اسمائے حسنٰی:

- احادیثِ مبارکہ میں سے سوالات صرف پرچہ کے حصہ چہارم میں دیے جائیں گے۔
- شاملِ نصاب منتخب اسمائے حسنٰی میں سے صرف دو کے معانی معروضی سوالات (MCQs) کا حصہ ہوں گے۔

ہدایات برائے دائرہ ہائے کار نمبر 7,5,4,3,2

ان میں سے درج ذیل نوعیت کے سوالات پوچھے جائیں گے۔

- معروضی سوالات (MCQs)
- مختصر جواب والے سوالات (SRQs)
- تفصیلی جواب والے سوالات (ERQs)

ہدایات برائے دائرہ کار نمبر6

اس میں سے کثیر الانتخابی سوالات (MCQs) نہیں پوچھے جائیں گے۔ تاہم مختصر جواب والے سوالات (SRQs) اور تفصیلی جواب والے سوالات (ERQs) پوچھے جائیں گے۔